© rasailojaraid.com



**فضائل درود شریف** | مؤلفہ: مولانا محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث مظاہر العلوم سہارنپور۔
ناشر: علمی کتاب خانہ اردو بازار لاہور۔ قیمت: درج نہیں۔ ضخامت: ۱۳۲ صفحات

پیش نظر کتاب نبی صلی اللہ علیہ وسلّم پر صلوٰۃ وسلام اور اس سے متعلق مضامین پر مشتمل ہے کتاب کو پانچ فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلی فصل میں عام فضائل بیان کیے گئے ہیں۔ دوسری فصل خاص خاص صیغ درود اور ان کے فضائل پر مشتمل ہے۔ تیسری فصل میں ان وعیدوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جو درود شریف نہ پڑھنے پر وارد ہوئی ہیں۔ چوتھی فصل فوائد متفرقہ پر مشتمل ہے۔ پانچویں فصل میں درود شریف سے متعلق حکایات بیان کی گئی ہیں۔ کتاب کا معیارِ کتابت وطباعت گوارا ہے۔

**اسلام کا تہذیبی نظام** | مؤلف: سید یحییٰ ندوی۔ ناشر: پاک اکیڈمی۔ بہار کالونی کلیٹن روڈ کراچی ۵۔ قیمت: چار روپیہ۔ ضخامت: ۱۴۴ صفحات

زیرِ نظر کتاب میں جو کالجوں میں اسلامیات کے طلبہ کے لیے لکھی گئی ہے، اسلام کے تہذیبی نظام کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اور یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ دوسری تہذیبوں کے مقابلے میں اسلامی تہذیب کی مابہ الامتیاز خصوصیات کیا ہیں۔ کتاب کا اندازِ بیان سہل ہے اور عام قاری بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتابت وطباعت کا معیار معمولی ہے۔

---

## (بقیہ مذہب اور تجدید مذہب)

زندگی مذہب سے یکسر آزاد ہو کر الحاد کی بنیادوں پر استوار ہوئی۔ چنانچہ نہ صرف معاشرہ خدا پرستوں اور خدا کے باغیوں میں بٹ کر رہ گیا بلکہ انسان کی اپنی زندگی دو بالکل مختلف بلکہ متناقض حصّوں میں تقسیم ہو کر رہ گئی۔ ایک وہ زندگی جس میں خدا سے تعلق منتہائے مقصود ٹھہرا اور دوسری وہ جس میں خالق ومالک سے بے نیازی بلکہ اس سے بغاوت کامیابی کی سب سے بڑی ضمانت خیال کی جانے لگی۔

---

© rasailojaraid.com